SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXVI مجریہ 2025

SINDHACT NO.XXVI OF 2025

سندھ روینیو بورڈ (ترمیم)ایکٹ، 2025

THE SINDH REVENUE BOARD (AMENDMENT) ACT, 2025

فہرست(CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

2. 2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No.XI of 2010

3. 2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act No.XI of 2010

4. 2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 5 کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act No.XI of 2010

سندھ ایکٹ نمبر XXVI مجریہ 2025

SINDHACT NO.XXVI OF 2025

سندھ ریوینیو بورڈ (ترمیم)ایکٹ، 2025

THE SINDH REVENUE BOARD (AMENDMENT) ACT, 2025

[15 دسمبر 2025]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ ریوینیو بورڈ ایکٹ، 2010 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ریوینیو بورڈ ایکٹ، 2010 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو اس طرح ہوگی:

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ ریوینیو بورڈ (ترمیم) ایکٹ، 2025 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No.XI of 2010

2. سندھ ریونیو بورڈ ایکٹ، 2010 میں، اس کے بعد دفعہ 2 میں مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا:

(i) شق (h) کے بعد، ذیلی نئی شقیں شامل کی جائیں گی:

"(hh) ''نوٹیفکیشن'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت جاری کردہ اور سندھ گورنمنٹ گزٹ میں شائع ہونے والا نوٹیفکیشن ہے، جس کا اطلاق اس میں مذکور تاریخ سے ہوگا، بشرطیکہ وہ گورنمنٹ گزٹ جس میں ایسا نوٹیفکیشن شائع ہوا ہو، نوٹیفکیشن کی تاریخ کے بعد کی کسی تاریخ کو شائع کیا گیا ہو؛"

(hhh) ''افسر'' جس میں شامل ہے سندھ سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2011 (2011 کا ایکٹ نمبر XII) کی دفعہ 34 کے تحت مقرر کردہ ایس آر بی (SRB) کا افسر؛"

(ii) شق (k) میں، آخر میں موجود سیمی کولن (;) کے بعد، لفظ ''اور'' شامل کیا جائے گا؛ اور

(iii) شق (l) میں، لفظ ''اور'' کی جگہ پر لفظ ''the'' شامل کیا جائے گا اور آخر میں موجود سیمی کولن (؛) کی جگہ فل اسٹاپ (.) شامل کیا جائے گا۔

2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act No.XI of 2010

3. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 3 میں:

(i) ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ ''may to'' کی جگہ پر، لفظ ''may'' شامل کیا جائے گا؛

(ii) ذیلی دفعہ میں، الفاظ ''دو سال، بشرطیکہ ایسی توسیع شدہ مدت کے اختتام پر مذکورہ شخص کی عمر پینسٹھ سال سے تجاوز نہ کر جائے'' کی جگہ الفاظ ''تین سال'' درج کیے جائیں گے؛

(iii)ذیلی دفعہ (6)'' میں آخر میں موجود فل اسٹاپ کی جگہ پر کولن (:) شامل کیا جائے گا اور، اس کے بعد، مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا؛

بشرطیکہ جہاں سیکرٹری کا عہدہ عدم موجودگی یا کسی اور وجہ سے خالی ہو، وہاں بورڈ SRB کے کسی ایسے افسر کو جو کمشنر یا ڈائریکٹر سے کم درجے کا نہ ہو عبوری بنیادوں پر بورڈ کا سیکرٹری مقرر کر سکتا ہے۔

(iv)ذیلی دفعہ (7) کی جگہ پر، مندرجہ ذیل متبادل ہونگے

''(7) بورڈ کا اجلاس ہر تین ماہ میں کم از کم ایک بار، یا ایسے وقفوں سے منعقد ہو گا جنہیں چیئرمین مناسب سمجھیں۔"

2010 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 5 کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act No.XI of 2010

4. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 5 میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں۔

(i) شق (a) میں، الفاظ ''نافذ کرنا'' کی جگہ الفاظ ''وضع اور نافذ کرنا'' درج کیے جائیں گے؛

(ii) شق (b) کی جگہ درج ذیل عبارت درج کی جائے گی؛

''(b)انسانی وسائل کی پالیسی کے مطابق کسی بھی عہدے کا جائزہ لینا، اس کی نشاندہی کرنا، اسے تخلیق کرنا، اس میں اضافہ یا کمی کرنا، اسے نامزد یا دوبارہ نامزد کرنا، یا اس کا درجہ بڑھانا یا کم کرنا، اور ملازمت کی داخلی تشہیر کا نظام وضع اور نافذ کرنا؛''

(iii) شق (i) میں، لفظ "کمشنرز" کے لیے لفظ "آفیسرز" متبادل ہونگے؛

(iv) مذکورہ بالا ترمیم کے بعد، شق (i) کے بعد درج ذیل نئی شق کا اضافہ

کیا جائے گا:

"(i-a) قانونی افسران کا تقرر کرنا، خواہ کل وقتی، عارضی یا معاہدے کی بنیاد پر ہو، اور معاوضے کے ساتھ ہو یا اس کے بغیر تاکہ وہ کسی بھی عدالتِ قانون، ٹربیونل یا دیگر عدالتی یا نیم عدالتی فورمز کے روبرو قانونی مقدمات میں بورڈ اور اس کے افسران کی نمائندگی کر سکیں، اور ایسے دیگر فرائض و امور سرانجام دے سکیں جو بورڈ کی جانب سے تفویض یا مطلوب ہوں؛"

اور

(v) شق (j) میں:

(a) لفظ "معاون" کے بعد الفاظ "قانونی افسران" کا اضافہ کیا جائے گا؛

(b) لفظ "کمشنرز" کی جگہ لفظ "افسران" کا اندراج کیا جائے گا؛ اور

(c) لفظ اور کوما "فیلوز" کو حذف کر دیا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔